شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے اہل خانہ سے الطاف حسین کی ملاقات

الطاف حسین اور شہید کے سوگوار لواحقین ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر پھوٹ پھوٹ کر روتے رہے

ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کا دکھ ساری زندگی بھلایا نہیں جاسکتا، الطاف حسین

ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ہم بھی صبر کررہے ہیں اور آپ بھی صبر کریں، والدین

ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی

لندن۔۔۔5،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن میں جمعرات کی شام ایم کیوایم کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کرکے ان سے ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے والد فاروق احمد، والدہ محترمہ رئیسہ فاروق، اہلیہ شمائلہ عمران، بہنوں اور بہنوئیوں سے ملاقات کی اوران سے اس سانحہ پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پر انتہائی رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے ۔ ملاقات کے دوران جناب الطاف حسین اور شہید کے سوگوار لواحقین صدمے سے نڈھال تھے اور شدت جذبات سے بے قابو ہوکر پھوٹ پھوٹ کر روتے رہے اور ایک دوسرے کو دلاسہ دیتے رہے۔ جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کا دکھ ساری زندگی بھلایا نہیں جاسکتا۔ان کی شہادت تحریک کا ناقابل تلافی نقصان ہے اوراس المناک سانحہ پر مجھ سمیت تحریک کا ایک ایک فرد آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔شہید کے والد فاروق احمد اور والدہ رئیسہ فاروق نے جناب الطاف حسین کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ہم بھی صبر کررہے ہیں اور آپ بھی صبر کریں۔ جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں کامل یقین ہے کہ ڈاکٹر عمران فاروق کے سفاک قاتل قانون کی گرفت سے محفوظ نہیں رہ سکیں گے اور بہت جلد کیفر کردار تک پہنچیں گے۔ بعدازاں جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی اورانہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

☆☆☆☆☆